© rasailojaraid.com

حافظ محمد ابراہیم فانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# اک ستارہ ہائے عقدِ کہکشاں سے اٹھ گیا

## بفراق حضرت مولانا **عبدالحنان صاحب جہانگیروی** قدس سرہ العزیز

(المتوفی: ۵/مئی ۲۰۱۱)

فاضل دارالعلوم دیوبند وخال محترم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب وحضرت مولانا انوارالحق صاحب

نابغائے وقت ہمارے درمیاں سے اٹھ گیا
سوئے جنت چل دیئے اور اس مکاں سے اٹھ گیا

تھے جو شاگردِ رشید سید احمد حسین
وائے حسرت آج بزمِ قدسیاں اٹھ گیا

وہ جو ارباب محبت کا تھا میر کارواں
میر ساماں اب خدایا کارواں سے اٹھ گیا

باوجودِ جاہ وحشمت فقر بو ذر کی مثال
با ادائے ناز وار امتحاں سے اٹھ گیا

عالم افسوس میں ہر فرد تھا تصویر غم
جب جنازہ ان کا یوں آہ وفغاں سے اٹھ گیا

شیخ مولانا سمیع الحق کے خالِ محترم
گل بداماں عالمِ سود و زیاں سے اٹھ گیا

خونِ دل سے رو رہا ہے حضرت انوارحق
سرپرست خاندان دور زماں سے اٹھ گیا

مستحق تعزیت ہیں آپ مفتی زرولی
تیرا استاذ اجل تھا اس جہاں سے اٹھ گیا

جانشین ثابت ہو ان کا مولوی احمد نقیب
اک ستارہ ہائے عقدِ کہکشاں سے اٹھ گیا

ایسا گل تھا واہ فانی باعث زیب چمن
اب خزاں منظر ہے جب وہ گلستاں سے اٹھ گیا

☆ ☆ ☆

© rasailojaraid.com